نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت تیلدار فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار اور سویابین کے زیر کاشت رقبہ میں اضافہ کے لیے ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں مشاورتی سیشن کا اجلاس

مشاورتی اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو، سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، وائس چانسلر فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر اقرار احمد خان، محکمہ زراعت کے دیگر اعلیٰ افسران، انڈسٹری اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد کی شرکت

لاہور: 05 جون 2024: وزیر اعلیٰ پنجاب زرعی شعبہ کی ترقی کے لیے ترجیحاً اقدامات کر رہی ہیں۔ پاکستان خوردنی تیل اور سویابین کی سالانہ 10 ارب ڈالر کی درآمد کرتا ہے جو کہ ملکی معیشت پر ایک بوجھ ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق خوردنی تیل کے ملکی درآمدی بل میں کمی لانے اور سویابین کے زیر کاشت رقبہ میں اضافہ کے لیے ایک جامع پروگرام متعارف کرایا جارہا ہے۔ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر زراعت ولائیوسٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے لاہور میں منعقدہ مشاورتی سیشن کے دوران کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں پنجاب میں زرعی ترقی اور کسانوں کی خوشحالی کے لیے نئے دور کا آغاز کر دیا گیا ہے اور 400 ارب روپے کی کثیر لاگت سے "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام" پر عمل درآمد جاری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ تیلدار اجناس اور سویابین کی پیداوار میں فروغ کے لیے ویلیو چین میں بہتری لانا وقت کا اہم تقاضا ہے۔موجودہ حکومت اس مقصد کے لیے انڈسٹری اور کاشتکاروں کو سہولیات فراہم کرے گی اور اس ضمن میں کاشتکاروں، انڈسٹری اور مارکیٹ کے لنکیج کو بہتر بنایا جائے گا۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے لائیواسٹاک، انڈسٹری اور زراعت پر مشتمل جوائنٹ ورکنگ گروپ تشکیل دینے کی ہدایت کی تاکہ سویابین کی پیداوار میں اضافہ کیا جاسکے۔ وزیر زراعت پنجاب نے انڈسٹری پر زور دیا کہ تیلدار اجناس کے درآمدی بل میں کمی لانے اور سویابین کے فروغ کے لیے حکومت پنجاب کا ساتھ دیں اور آج کے مشاورتی سیشن میں وہ قابل عمل تجاویز پیش کریں جس سے ایک جامع پروگرام کو ترتیب دیا جاسکے۔انہوں نے واضح کیا کہ تیلدار اجناس اور سویابین کی کاشت کو فروغ دے کر غذائی خود کفالت کی منزل حاصل کی جاسکتی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سویابین کی کاشت کے فروغ کے لیے یونیورسٹی آف ایگریکلچر فیصل آباد کی خدمات قابل ستائش ہیں یونیورسٹی فیصل اباد نے جامع پروگرام کے تحت پاکستان میں 170 جگہوں پر 1700 ایکڑ رقبہ پر سویابین کی کاشت کی ہے۔ وزیر زراعت پنجاب نے اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر زراعت کی ترقی کے لیے کئی منصوبے منظور ہوئے ہیں۔ان منصوبوں پر عمل درامد جاری ہے۔آج کے سیشن کا مطلب تمام سٹیک ہولڈرز کو ایک چھت کے نیچے بٹھا کر تیل دار اجناس کی